# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

اسلام آباد۔ 12 جولائی 2018

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفیکیشن جس کے تحت ملک بھر کے بلدیاتی اداروں کے منتخب عہدیداروں کو 25 جولائی 2018 تک معطل کرنے کے احکامات جاری کیے گئے تھے کے ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ منتخب بلدیاتی عہدیداروں کی معطّلی دراصل ان کو ان کے عہدے کی حیثیت سے حاصل شدہ اختیارات کی معطّلی ہے تاکہ وہ کسی بھی طور پر سرکاری وسائل کسی بھی جماعت یا امیدوار کے حق میں یا خلاف استعمال نہ کرسکیں۔ لہذا الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری شدہ ضابطہ اخلاق کے پیرا 18 کے تحت ان پر کسی بھی جماعت یا امیدوار کی انتخابی مہم میں شرکت و معاونت پر پابندی بدستور قائم ہے۔

---